کام کی جگہ پر (ورک پلیس) جنسی ہراسانی کیا ہے؟

یہ وسیلہ اس بات کی وضاحت کرتا ھے کہ قانون کے تحت جنسی طور پر ھراسانی کا عمل کسے شمار کیا جاتا ھے اور اس کا کیا مطلب ھے۔ قانون کے تحت جنسی طور پر ھراساں کرنا کیسا ھوتا ھے، یہ اس کی مثالیں اور واقعات بھی فراھم کرتا ھے۔

کام کی جگہ پر (ورک پلیس) جنسی طور پر ہراساں کرنا صوبائی، علاقائی اور وفاقی انسانی حقوق اور کام کی جگہ کے حفاظتی قوانین کے تحت غیر قانونی ہے۔

قانون کام کی جگہ (ورک پلیس) پر ہونے والی جنسی ہراسانی کو کیا سمجھتا ہے؟

کام کی جگہ پر(ورک پلیس) جنسی طور پر ہراساں کرنا ناپسندیدہ جنسی یا صنفی تبصرے یا طرز عمل ہے جو ایک ملازم کو ناراض، خوفزدہ، یا ذلیل محسوس کرواسکتا ہے، یا معقول طورسمجھا جاتا ہے کہ ملازم کو ایسا محسوس کروائے۔ اس میں زہر آلود کام کا ماحول شامل ہو سکتا ہے اور یہ کام کی اصل فیزیکل جگہ سے باہر بھی ہو سکتا ہے۔

اگر یہ صرف ایک باربھی ہو یا کام کی جگہ کی ثقافت کا حصہ ہو جہاں جنس یا صنف کے بارے میں مذاق کیا جاتا ہے، تب بھی یہ غیر قانونی ہے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ آیا اس شخص نے ناراض کرنے کا ارادہ کیا تھا یا اپنے رویے کو بے ضرر سمجھا تھا؛ اگر اس کا یہ اثر ہے تو یہ تب بھی غیر قانونی ہے۔

اس کا اصل میں کیا مطلب ہے؟

- ناپسندیدہ کا مطلب ہے مطلوب نہیں، مدعو نہیں کیا گیا، رضامندی نہیں ہے، قابل قبول نہیں ہے۔
- جنسی یا صنفی کا مطلب ہے رویے کا تعلق کسی کی جنس یا صنف سے ہے۔
- تبصرے کا مطلب ہے زبانی تبصرے یا بولے گئے الفاظ
- برتاؤ کا مطلب جسمانی رویہ ہے، جیسے چھونا؛ آن لائن، ٹیکسٹ، یا فون کے ذریعے غیر زبانی اعمال اور برتاؤ بھی شامل ہیں۔
- معقول طور پر سمجھا جانے کا مطلب ہے کہ ایک غیر جانبدار شخص اس بات سے اتفاق کرے گا کہ طرز عمل غلط ہے۔
- زہر آلود کام کے ماحول کا مطلب ہے کہ کام کی جگہ پر جنسی یا صنفی لطیفوں، ڈسپلے، تبصروں کا کلچر ہے (مثال کے طور پر، کام کی جگہ غیر محفوظ، مخالف، یا غیر صحت مند محسوس کی جاتی ہے؛ جنسی یا صنفی لطیفے، ڈسپلے، یا تبصرے معمول بن جاتے ہیں)



جاننا ضروری ہے!


جنسی طور پر ہراساں کرنا ہمیشہ جنسی رویے کے بارے میں نہیں ہوتا ہے۔ یہ جنس کی بنیاد پر غیر مساوی سلوک کے بارے میں بھی ہو سکتا ہے یا اگرکوئی اپنی طاقت کا غلط استعمال کر رہا ہو۔ ایسا اس وقت ہوتا ہے جب کوئی با اختیار شخص کسی ملازم کو شرمندہ کرنے، دھمکانے یا کنٹرول کرنے کے لیے جنس یا صنف کا استعمال کرتا ہے۔

لیکن یہ بھی...

جنسی طور پر ہراساں کرنے کا عمل صرف مینیجر یا سپروائزر کے ذریعے نہیں ہوتا۔ یہ برابر کی سطح کے ساتھی کارکنوں، جن لوگوں کی آپ نگرانی کرتے ہیں، باہر کے ٹھیکیداروں، یا کلائنٹس کے ذریعے بھی ہو سکتا ہے۔ یہ سب بھی جنسی ہراسانی کے طور پر شمار ہوتے ہیں۔

مسلم خواتین کے خلاف جنسی طور پر ہراساں کرنے میں جنسی یا جنس پر مبنی الفاظ یا افعال شامل ہیں جو ان کی نسل اور مذہب سے بھی منسلک ہیں۔ اس قسم کی ہراسانی اکثر دوسری خواتین کے تجربوں سے مختلف نظر آتی ہے۔

ایسے رویے کی مثالیں جنہیں قانون جنسی ہراسانی سمجھتا ہے:



- آپ کیسی دکھتی ہیں اس کے بارے میں تبصرے (مثلاً آپ کیا پہنتی ہیں، آپ کا حجاب، آپ کا نقاب، آپ کو زیادہ پردہ کرنے کو کہنا، آپ کو کم ڈھانپنے کو کہنا)
- ازدواجی حیثیت کے بارے میں تبصرے (مثلاً آپ کی شادی شدہ زندگی، اکیلی ماں ہونا، آپ سے شادی کرنے کی چاہت، کوئی آپ سے شادی نہیں کرنا چاہے)
- اسلام میں خواتین کی حیثیت کے بارے میں منفی تبصرے (مثلاً خواتین کا مذہب میں مردوں سے فطری طور پر کمتر ہونا، مظلوم خواتین کو مذہب سے "بچانے" کے بارے میں بیانات)

- جنسی نوعیت کی حرکتیں جو کسی خاص شخص کی طرف اشارہ نہ کرتے ہوں جیسے جنسی طور پر ناگوار مواد کی نمائش یا پوسٹ کرنا
- نامناسب گھورنا، بری نظر سے دیکھنا، سیٹی بجانا، یا گلے ملنے کی طلب کرنا
- طاقت ورعہدے کے اقتدارکی طرف سے رومانٹک یا جنسی توجہ، جب کہ آپ کو لگتا ہے کہ آپ اپنی ملازمت اور/یا اپنے کیریئر کو نقصان پہنچائے بغیر انکار نہیں کرسکتی/سکتے۔



- آپ کے نہ کہنے کے بعد بھی رومانوی تعلقات کو جاری رکھنا، چاہے آپ نے پہلے اتفاق کیا ہو
- جنسی لطیفے، توہین، دھمکیاں، افواہیں، یا گالیاں دینا
- صنف پر مبنی تبصرے بشمول کسی شخص کے جنسی رجحان، صنفی شناخت یا صنفی اظہار کے بارے میں تبصرے
- جسمانی رابطہ جیسے چھونا، تھپتھپانا یا چٹکی لگانا
- ایسے تبصرے جو خواتین کو پست کرتے ہیں یا ان کی صلاحیتوں پر سوالیہ نشان لگاتے ہیں (مثال کے طور پر خواتین مردوں سے بدتر ہیں، کچھ ملازمتوں کے لیے موزوں نہیں ہیں، کم ذہین ہیں، مزاحیہ نہیں ہیں، تابعدار ہیں)
- جنسی حملہ، مطلب جب کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو بغیر رضامندی کے جنسی انداز میں چھوتا ہے

مسلم خواتین کے لیے کام کی جگہ(ورک پلیس) پر جنسی طور پر ہراساں کیے جانے کی مثالیں:

نادیہ اور ہدا مسلمان ساتھی کارکنان ہیں۔ ہدا حجاب پہنتی ہے اور نادیہ نہیں پہنتی۔ ایک ساتھی کارکن ان کا موازنہ کرتا ہے، ہدا سے کہتا ہے کہ وہ نادیہ کی طرح "خوبصورت" بننے کے لیے اپنا حجاب پہننا چھوڑ دے، اور کہتا ہے کہ کوئی بھی اس سے شادی نہیں کرنا چاہے گا۔ ساتھی کارکن نادیہ کو "بیوٹی کوئین" بھی کہہ کر پکارتے ہیں۔ ہدا اور نادیہ کو اب بھی ان کے دیگر غیر مسلم ساتھی کارکنان کی طرح وہی مواقع، ترقی کا موقع دلوانے والے، اوراچھی کارکردگی کے عمدہ جائزے والے وہی پروجیکٹس فراہم کیے جاتے ہیں۔ ہدا اور نادیہ دونوں کو کام کی جگہ پر جنسی ہراسانی کا سامنا ہے۔

آپ کا مینیجر ایک دن شام کو آپ کو ٹیکسٹ بھیجتا ہے کہ آپ بہت خوبصورت ہیں اور وہ آپ کو بہتر طریقے سے جاننا پسند کرے گا۔ آپ نے جواب دیا شکریہ اور کہا کہ آپ شادی شدہ ہیں۔ آپ کا مینیجر معذرت خواہ ہوتا ہے۔ اگلی شام، آپ کا مینیجر شام کو دوبارہ آپ کو ٹیکسٹ بھیجتا ہے کہ آپ کیا کر رہی ہیں۔ آپ بتاتی کیا کہ آپ تھکی ہوئی ہیں اور ابھی ابھی رات کا کھانا تیار کر چکی ہیں۔ وہ جواب دیتا ہے کہ اگر آپ اس سے شادی کر لیتی ہیں تو وہ آپ کے شوہر سے زیادہ آپ کی تعریف کرے گا۔ آپ جواب دیتی ہیں شکریہ۔ یہ دو ہفتوں تک جاری رہتا ہے۔ آپ کو بے چینی محسوس ہوتی ہے لیکن اسے رکنے کو نہیں کہتی ہیں کیونکہ آپ کو اپنی نوکری کھونے کا ڈر ہے۔ اگر آپ منع نہیں بھی کرتی ہیں اور اس کا یہ طرز عمل کام کی جگہ پر نہیں ہے، بھر بھی یہ کام کی جگہ (ورک پلیس) سے متعلق جنسی ہراسانی ہے۔

ایک مسلمان ریسٹورنٹ مینیجر بار بار ایک مسلمان ویٹریس پر تنقید کرتا ہے جو حجاب نہیں پہنتی، اس کے لباس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہتا ہے کہ اسے اپنے بالوں کو ڈھانپنا چاہیے اور کہا کہ وہ "ڈھیلی" نظر آتی ہے۔ وہ یہ تحصیرات ساتھی کارکنوں کے کام کے اوقات کے بعد تاش کھیلنے کے دوران دیتا ہے اور ان ساتھی کارکنوں کو اس کے بارے میں ٹیکسٹ اور وائس میلز بھی بھیجتا ہے۔ اگرچہ ویٹریس وہاں نہیں تھی اور یہ طرز عمل کام کی جگہ پر نہیں تھا، پھر بھی یہ کام کی جگہ پر جنسی ہراسانی ہے۔

کینیڈا میں ٹربیونلز اور عدالتوں میں پائی جانے والی کام کی جگہ (ورک پلیس) پر جنسی طور پر ہراساں کیے جانے کی مثالیں:



- ایک ناخوش ملازم نے اپنی خاتون ڈائریکٹر کے بارے میں افواہیں پھیلاتے ہوئے کہا کہ اس کا کمپنی کے صدر کے ساتھ چکر چل رہا ہے اور وہ "بستر کا رشتہ بناتے ہوئے سب سے اوپر کے عہدے پر پہنچنے میں" کامیاب ہوئی۔
- ایک نگران پولیس سارجنٹ ایک نوجوان خاتون کانسٹیبل کے کام پر تنقید کرتا رہا اور دوسرے ساتھیوں کے سامنے "کانسٹبل کے بجائے اسے بار بار "مسز" کہتا رہا۔
- ایک قانونی فرم میں عہدوں کے لیے انٹرویوز کے دوران، ایک سینئر پارٹنر وہاں سے گزرا اور ایک خاتون امیدوار کی طرف اشارہ کرتے ہوئے، ایک خاتون ہائرنگ کرنے والی ٹیم کے رکن سے کہا، "اسے ملازمت پررکھو۔" "وہ دکھنے میں اچھی ہے۔" یہ امیدوار اور ہائیرنگ کی ٹیم کے رکن دونوں کے لیے جنسی ہراسانی تھی۔

- ایک اکیلی ماں نے اپنے سپروائزر کے ناپسندیدہ جنسی تبصروں اور طرز عمل کو برداشت کیا، ملازمت کے نقصان کے خوف سے جنسی تعلق قائم کیا۔ اس نے اسےانکار نہیں کیا اور اس کے طرز عمل کی اطلاع نہیں دی۔ جب اس کے آجر نے اسےکسی دوسرے مقام پر منتقل کیا، اس نے اپنے سپروائزر کو رکنے کو کہا، لیکن اس نےاس کے ساتھ جنسی زیادتی کی۔ جب اس نے ہراسانی کی اطلاع دی تو دونوں کو نوکری سے نکال دیا گیا۔ جنسی حملہ اوراس سے پہلے کا رشتہ غیر متفقہ تھا، اس کے بے روزگاری کے خوف نے اسے مجبورکیا تھا۔ آجر کے لیے اسے برطرف کرنا غیر قانونی تھا۔
- ایک نوجوان عورت کو اس کے آجر کے ذریعے، جو کہ اس کے مقابلے میں ایک خاصی بڑی عمر کے آدمی تھے اور اس کے خاندان کے دوست تھے، ناپسندیدہ پیش رفت اور جسمانی رابطے کا نشانہ بنایا گیا۔ اس کا آغاز آجر کی طرف سے اسے رات گئے کشتی کے سفر پر مدعو کرنے کے ساتھ ہوا، پھر ایک اور واقعہ جہاں اس نے اسےگاڑی چلا کر ایک ویران جگہ پر لے جا کر اس کی ڈیٹنگ لائف کے بارے میں سوالات پوچھے، اور پھر کام سے متعلق ایک سفر جہاں وہ ناپسندیدہ جسمانی رابطے اور رومانوی جذبات کے اظہار میں شامل رہا۔ ٹربیونل نے نوٹ کیا کہ نوجوان عورت پر، خاندانی دوست اور آجر کے طور پر آجرکے دوہری کردار کا بڑا منفی اثر پڑا۔



- ایک خاتون بلڈنگ سپرنٹنڈنٹ کو دو مرد کرایہ داروں نے جنسی طور پر ہراساں کیا اور دھمکیاں دیں۔ جب اس نے اس بات کی اطلاع دی تو اس کے آجر نے اسے "مجرمانہ مسئلہ" کے طور پر مسترد کر دیا اور اسے پولیس کے پاس جانے کو کہا۔ وہ تناؤ کی وجہ سے طبی چھٹی پر چلی گئی اور پھر اسے نوکری سے نکال دیا گیا۔ عدالت نے فیصلہ دیا کہ یہ جنسی ہراسانی ہے اور آجر اس کے کام کی جگہ کو محفوظ رکھنے میں ناکام رہا۔ عدالت نے کہا کہ آجر کے پاس ایک پالیسی ہونی چاہیے تھی، تربیت دینی چاہیے تھی، سیکیورٹی کیمرے لگانے چاہیے تھے، شکایت کرنے کا طریقہ ترتیب دینا چاہیے تھا، واقعے کی چھان بین کرنی چاہیے تھی، اور اس کی حفاظت کے لیے اقدامات کیے جانے چاہیے تھے۔

کینیڈین کونسل آف مسلم ویمن (CCMW) نے کام کی جگہ پر جنسی ہراسانی کی مداخلتیں (ورک پلیس انٹروینشنز آن سیکشوئل ہراسمنٹ) (WISH) پروجیکٹ کے حصے کے طور پر تیار کیا ہے۔

یہ وسیلہ عام قانونی معلومات فراہم کرتا ہے اور یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔

محکمہ انصاف کینیڈا کی طرف سے فنڈنگ

© 2026 CCMW | اپ ڈیٹ شدہ: مارچ 2026

Canadian Council of Muslim Women (CCMW)
Le conseil canadien des femmes musulmanes (CCFM)

Department of Justice Canada
Ministère de la Justice Canada